ان مریضوں کے لیے جن کی سرجری ہونا ہے
ہماری ویب سائٹ **www.sheffieldchildrens.nhs.uk/patients-and-parents/wards/** پر مزید معلومات تلاش کریں

شیفیلڈ چلڈرینز ہاسپٹل میں خوش آمدید
آپ کے ہسپتال میں قیام کی تیاری کرنے میں مدد کے لیے اس معلوماتی کتابچہ کو ڈیزائن کیا گیا ہے۔
ہسپتال کے دورے بچوں اور جوانوں دونوں کے لیے ہی یک مشکل تجربہ ہوسکتا ہے۔ ہم کسی بھی پریشانی کو کم کرنا چاہتے ہیں اور جتنا ممکن ہو سکے آپ کے دوروں کو تفکرات سے خالی بنانے میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔
اگر آپ کے پاس کوئی ایسا سوال ہے جس کا احاطہ اس کتابچہ میں نہیں ہوا ہے، تو براہ کرم اپوائنٹمنٹ لیٹر پر دیے گئے نمبر پر کال کریں۔
آپ ہماری ویب سائٹ **www.sheffieldchildrens.nhs.uk/patients-and-parents/wards/** پر مزید معلومات تلاش کرسکتے ہیں

روابط

ہسپتال کے لیے تیاری کرنا
اس دن کیا ہوتا ہے؟
پوری رات کے قیام
گھر جانا
عام معلومات
کارآمد ٹیلیفون نمبر
نقشے اور پبلک ٹرانسپورٹ

ہسپتال کے لیے تیاری کرنا
ہم کہاں جاتے ہیں؟
ہسپتال کے اصل داخلے کے دروازے سے، براہ کرم تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ (Theatre Admissions Unit) کے لیے نشامات کی اتباع کریں۔
سبز ونگ میں واقع ہیں۔ اس کتابچہ کی پشت پر نقشوں اور سفر کی صلاح کو دیکھا جاسکتا ہے۔
ہمیں وہاں کس وقت پہنچنا چاہیے؟
براہ کرم سفر اور پارکنگ کے لیے وقت دیں۔ قریب ترین پارک کیو پارک (Q Park) درہام روڈ، S10 2JA پر واقع ہے۔
آپ کے لیٹر پر دیا گیا وقت داخلے کا وقت ہے۔ یہ وہ وقت نہیں جب آپ کا بچہ تھیئٹر یا ایکسرے کے لیے جائیگا۔
میں کتنے وقت تک قیام کی توقع کرسکتا ہوں؟
جب آپ کا بچہ تھیئٹر میں جاتا ہے اور کاروائی کی طوالت پر اس وقت کا انحصار ہوتا ہے۔ ٹی اے یو میں اوسط قیام چار اور آٹھ گھنٹے کے درمیان ہے۔
ہمیں کیا چیز لانا چاہیے؟
اپنا اپوائنٹمنٹ لیٹر اور کوئی دوا ہو اسے ساتھ لائیں۔ جب تک آپ کو دیگر مخصوص ہدایات نہ دی جائیں آپ کے داخلے کے دن آپ کا بچہ معمول کے مطابق دائیں لیگا۔
اپنے بچے کے لیے ڈریسنگ گاؤن اور سلیپرز لائیں۔ جب مریضوں کو تھیئٹر میں لے جایا جاتا ہے تو انہیں پہننے کے لیے گاؤن دیا جاتا ہے تاکہ انہیں پائجامہ کی ضرورت نہ پڑے۔ ہاہم اگر آپ وارڈ میں قیام کرنے جارہے ہیں، تو پائجامہ، ٹوتھ برش وغیرہ کے ساتھ پوری رات والے بیگ کو بھی ساتھ لائیں۔
ہم نیپی فراہم نہیں کرتے ہیں، لہٰذا اگر آپ کے بچے کو ان کی ضرورت پڑتی ہے تو خود اپنی سپلائی لائیں۔
اگر آپ کے بچے کے پیرکی انگلی یا پاؤں کی سرجری ہوئی ہوئی ہو تو، براہ کرم کھلی انگلی والے جوتے لائیں۔
ہمارے پاس ہمارے وارڈ پر سرگرمیاں اور کھلونے ہیں اور انتظار کرنے والے حصے ہیں، لیکن آپ کا پچہ خود اپنا بھی لیکر آئے تو اس کا استقبال ہے۔
براہ کرم قیمتی سامان نہ لائیں۔ ٹرسٹ کسی سامان کے گم ہونے یا نقصان پہنچنے کے لیے ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔
کیا میں سوالات پوچھ سکتا ہوں؟
بیشک، ہم مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ جس وقت وہ ہسپتال میں آتے ہیں اس وقت سوالات پوچھیں۔ آپ پہلے سے سوالات کے بارے میں غور کرسکتے ہیں اور انہیں تحریر کرسکتے ہیں۔
کیا ملاقاتیوں کی اجازت ہے؟
تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ
رضامندی فارم پر دستخط کرنے کے لیے ضروری ہے کہ والدین یا سرپرست اپنے بچے کے ساتھ رہیں۔
براہ کرم نوٹ کرلیں کہ آپ کے بچے کے ساتھ دو بالغ ساتھ رہ سکتے ہیں۔ بھائیوں و بہنوں کے بشمول، 16 سال سے کم عمر والے بچے، موجود نہیں رہ سکتے ہیں– چھ ماہ سے کم عمر والے بچوں کے استثناء کے ساتھ۔
اندرونی مریضوں کے وارڈز

ہسپتال کا ایک اوپن ملاقات کرنے کی پالیسی ہے، ایک وقت میں ایک بیڈ پر تین ملاقاتیوں کی اجازت دینا۔ اضافی ملاقاتیوں کو پلے روم یا انتظار کی جگہ پر انتظار کرنے کے لیے کہا جائیگا۔ براہ کرم نوٹ کرلیں کہ پانچ سال سے کم عمر والے بھائی و بہن صرف انچارج نرس سے پیشگی اتفاق کے بعد ہی ملاقات کرسکتے ہیں۔ 16 سال کم عمر والے تمام بچوں کو کسی بالغ کے ساتھ رہنا ضروری ہے۔
براہ کرم اپنے ملاقاتیوں سے 8 بجے شام تک چلے جانے کے لیے کہہ کر دیگر فیملیز کے لیے وارڈ کو پرسکون رکھنے میں مدد کریں۔ اگر آپ کو ملاقات
کرنے کی کوئی پریشانی ہے تو براہ کرم نرسوں سے بات کریں۔

اگر میرا بچہ ہسپتال میں اپنے داخلہ کی وجہ سے پریشان ہے تو کیا ہوگا؟

اردگرد پر نظر ڈالنے کے لیے آپ اپنے بچے کو ایک دن پہلے لاسکتے ہیں، تاکہ ہسپتال میں آنے کے بارے میں کوئی ڈر ہو تو اسے کم کرنے میں مدد مل سکے۔ اس کا انتظام کرنے لے لیے، ہمیں 7343 271 0114 یا 7393 271 پر کال کریں۔

میں کس طرح سے اپنے بچے کو اس کی کاروائی اور بیہوشی والی دوا لیے تیار کرسکتا ہوں؟

یہ اہم ہے کہ بچے جب اپنی کاروائی کے لیے آئیں تو کیا متوقع ہے اس کے بارے میں انہیں تھوڑا علم ہونا چاہیے۔ براہ کرم بچوں اور بڑوں
کے لیے لکھی گئی عام بیہوشی کی دواؤں، صلاح اور کتابچوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں: www.sheffieldchildrens.co.uk/ga

اگر مجھے مترجم چاہیے تو کیا کرنا ہے؟

مترجم کا انتظام کرنے کے لیے، براہ کرم اپنے اپوائنٹمنٹ لیٹر پر دیے گئے نمبر پر کال کریں۔

اگر میرے بچے کی خاص ضروریات ہیں تو کیا کرنا ہے؟

اگر آپ کے بچے کی خاص ضروریات ہیں، تو براہ کرم آنے سے پہلے نیچے دئے گئے نمبر پر تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ سے رابطہ کریں تاکہ ہم ان کی ضروریات اور اپنی سہولیات پر بات چیت کرلیں۔ بچوں اور والدین کی مدد کرنے کے لیے ہم ماکاٹون (Makaton) سیمبل ٹائم لائن (symbol timelines) اور پکچر ایکسچینج کمیونیکیشنز سسٹم (picture exchange communications systems) استعمال کرتے ہیں۔

اگر ہم حاضر نہیں ہوسکتے ہیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کا بچہ اپنی اپوائنٹمنٹ میں حاضر نہیں ہوسکتا ہے تو یہ اہم ہے کہ ہمیں بتائیں تاکہ ہم اسے کسی اور کو دے سکیں۔
براہ کرم آپ کے اپوائنٹمنٹ لیٹر پر دیے گئے نمبر پر جتنی جلد ممکن ہو کال کریں۔

اگر میرا بچہ بیمار ہے تو کیا کرنا ہے؟

براہ کرم صلاح کے لیے 7343 271 0114 پر کال کریں۔

کیا میرا بچہ کاروائی سے پہلے کچھ کھا اور پی سکتا ہے؟

آپ کے داخلے کے خط میں ہدایت کے مطابق بھوکے رہنے کے اوقات پر عمل کرنا واقعی بہت اہم ہے۔ براہ کرم کسی مزید معلومات کے لیے ٹی اے یو سے رابطہ کریں۔

اس دن کیا ہوتا ہے؟

پہلا مرحلہ: ابتدائی قدرپیمائی

جب آپ تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ میں پہنچتے ہیں، اس وقت ٹی اے یو ٹیم کے کسی ممبر سےآپ کی ملاقات سے ہوگی۔ وہ آپ کے بچے کو آستین کی پٹّی (wristband) پہنائیں گے اور سُن کرنے والی کریم لگائیں گے۔ آپ کے بچے کا وزن کیا جائیگا اور اصل انتظار کرنے کی جگہ میں دکھایا جائیگا۔

دوسرا مرحلہ: داخلہ

آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم آپ سے ملاقات کریگی۔ اس میں نرسنگ ٹیم کا کوئی ممبر، ایک سرجن اور ایک ماہر مخدرات شامل ہوگا۔ سرجن کاروائی کی وضاحت کریگا۔
آپ کے ساتھ ماہر مخدرات آپ کے بچے کو بیہوش کرنے اور درد سے آرام دلانے والی دواؤں پر بات چیت کریگا۔
اگر آپ نے پہلے رضامندی فارم یہ اتفاق کرتے ہوئے دستخط نہیں کیا ہے کہ کیا ہونے والا ہے آپ اسے سمجھتے ہیں، تو آپ سے دستخط کرنے کے لیے کہا جائیگا۔ یہ رضامندی صرف والدین یا سرپرست کے ذریعہ دی جاسکتی ہے؛ کوئی دوسرا رشتہ دار رضامندی نہیں دے سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ اتنا بڑا ہے کہ کیا ہورہا ہے اسے وہ سمجھتا ہے تو پھر وہ بھی رضامندی دے سکتا ہے۔

تیسرا مرحلہ: آپ کی کاروائی کا انتظار

جب تک آپ کا بچہ تھیئٹر میں نہیں جاتا ہے اس وقت تک آپ اور آپ کا بچہ انتظار کی جگہ/پلے ایریا یا نوخیزوں کے کمرے میں انتظار کریں گے۔ یہ اہم ہے کہ بھرتی کیے جانے بعد آپ یونٹ کو نہ چھوڑیں۔

کیا مجھے بتایا جائیگا کہ کس وقت میرے بچے کی کاروائی ہوگی؟

جہاں ممکن ہو ٹیم آپ کو ایک تخمیناً وقت دیگی۔ بہرحال اگر ایمرجنسی کے حالات آتے ہیں یا پہلے والے کیس میں توقع سے زیادہ وقت لگتا ہے تو اوقات میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔
بدقسمتی سے کچھ کاروائیوں کو بہت ہی مختصر وقت میں منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ ہم ہیمشہ آپ کو باخبر رکھنے کی کوشش کریں گے۔

کیا میں آپریٹنگ تھیئٹر میں اپنے بچے کے ساتھ جاسکتا ہوں؟
بہوشی والے کمرے میں صرف والد یا والدہ بچے کے ساتھ رہ سکتے ہیں۔ کبھی کبھی یہ ممکن نہیں ہوتا ہے، خاص طور سے بہت کم عمر والے بچوں کے ساتھ۔ دیگر رشتہ دار تھیئٹر کے باہر انتظارکرسکتے ہیں۔
گہری نیند میں آپ کے بچے کے سوجانے کے بعد، آپ کو ایک پیجر دیا جائیگا اور جب ریکوری کی جگہ میں آپ کے بچے کے ساتھ آپ کو دوبارہ ملنے کا وقت ہوگا اس وقت یہ ہلکی الیکٹرانک آواز دیگا۔
آپریشن ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟
ہماری ریکوری کی جگہ میں آپ کا بچہ بیدار ہوگا اور جب ممکن ہوگا، اسے تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ یا داخلی مریض کے وارڈ میں لے جایا جائیگا جہاں ان کے بقیہ پورے قیام کے وقت تک دیکھ بھال کی جائیگی۔
آپ کی نرس آپ کو صلاح دیگی کہ آپ کے بچے کے آپریشن کے بعد اس کے لیے کھانا اور پینا کب مناسب ہے۔
اس میں کتنا وقت لگے گا؟
زیادہ تر مریضوں کو اسی دن گھر جانے کی اجازت دے دی جائیگی۔ چار اور آٹھ گھنٹے کے درمیان تک انہیں یونٹ پر رہنے کا امکان ہے۔
کیا میرے بچے کا پوری رات قیام کا امکان ہے؟
کچھ آسان کاروائیوں کے لیے، آپ کے بچے کو چار اور آٹھ گھنٹے کے درمیان تک ہمارے ساتھ رہنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ اگر پوری رات قیام کی ضرورت پڑتی ہے، تو عموماً اپوائنٹمنٹ لیٹر میں اس کا اشارہ کردیا جائیگا۔ تاہم اگر پوری رات کے قیام کو توقع نہیں کی گئی ہو، اس کے باوجود کبھی کبھار بچے صحتیاب ہونے میں زیادہ وقت لیتے ہیں یا ڈاکٹر پوری رات ان کی نگرانی کرنا چاہ سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو ہم آپ اور آپ کے بچے کو پوری رات والے وارڈ میں منتقل کرنے کا انتظام کریں گے۔
کیا آپ میرے اور میرے بچے کے لیے کھانہ فراہم کریں گے؟
روزانہ صرف مریضوں کے لیے ناشتہ، دوپہر کے کھانے اور رات کے کھانے کا آرڈر دیا جاتا ہے۔ ضرورت پڑنے پر کھانوں کے اوقات کے درمیان میں اسنیکس فراہم کیے جائیں گے۔
اگر مریض ماں کا دودھ پیتا ہے، تو ہم کھانوں کے ساتھ دودھ پلانے والی ماں فراہم کریں گے۔
کیا والدین پوری رات قیام کرسکتے ہیں؟
ہم فعال طریقے سے پوری رات قیام کرنے کے لیے والد یا والدہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ ہر بیڈ کی جگہ میں صرف والد یا والدہ کے قیام کے لیے ایک صوفا بیڈ ہے۔ رات والے اسٹاف انہیں تیار کرنے میں آپ کی مدد کریں گے اور وہ آپ کو بیڈنگ اور تکیہ فراہم کریں گے۔
پوری رات کے دیگر اختیارات میں شامل ہیں:
دی سِک چلڈرینز ٹرسٹ (he Sick Children’s Trust) کے ذریعہ چلائے جانے والے – ٹری ٹاپس (Treetops) اور میگنولیا ہاؤس ((Magnolia House، ان سہولیات میں والدین کے لیے 24 کمرے ہیں۔ کچن، لاؤنج اور لاؤنڈری سہولیات کے بشمول متعدد کمیونٹی سہولیات رہائش کے دونوں سیٹ فراہم کرتے ہیں۔ کمروں کو پہلے سے بُک نہیں کیا جاسکتا ہے اور انہیں ترجیحات کی بنیاد پر مختص کیا جاتا ہے۔ جب آپ کے بچے کا داخلہ کیا جاتا ہے اس وقت آپ کے لیے وارڈ اسٹاف انکوائری کرسکتے ہیں۔
پی اے سی ٹی ہاؤس((PACT House – یہ ہسپتال سے تھوڑی دوری پر واقع ہے اور یہ وارڈ ایم3 استعمال کرنے والی فیملیز کے لیے گھر-سے-گھر فراہم کرتا ہے۔
وارڈز اور پیشنٹ ایڈوائس اینڈ لائزن سروسز (پی اے ایل ایس) سے قریبی بیند اینڈ بریک فاسٹ اور ہوٹلوں کی معلومات حاصل کی جاسکتی ہے۔
میرے بچے کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟
ہر وارڈ میں بچوں کی نرس، ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف کی ایک ٹیم ہے جو آپ کے ساتھ آپ کے بچے کی دیکھ بھال کریگی۔ آپ کا کنسلٹینٹ اور ان کی ٹیم کا کوئی ممبر ہر دن کم سے کم ایک دفعہ آپ کے بچے سے ملاقات کریگا۔
کیا رات کے وقت وارڈ میں شور ہوگا؟
ہم شام میں وارڈز کو پرسکون کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن دن اور رات کے ہر وقت مریضوں کی دیکھ بھال چلتی رہتی ہے۔ براہ کرم اپنے ملاقاتیوں سے 8 بجے شام تک چلے جانے کے لیے کہہ کر دیگر فیملیز کے لیے وارڈ کو پرسکون رکھنے میں مدد کریں۔

پوری رات کے قیام

جب آپ کا بچہ گھر جانے کے لیے ڈسچارج ہونے کے لیے تیار ہوتا ہے، تو ڈاکٹر اور نرس فائنل چانچ کرتے ہیں۔ آپ کے جانے سے پہلے فارمیسی سے دوائیں لینے کے آرڈر کی ضرورت پڑسکتی ہے یا فالو-اپ اپوائنٹمنٹس کیے جاسکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے بچے کے دسچارج ہونے سے پہلے یقینی بنائیں کہ گھر پر درد سے آرام دلانے والی کچھ دوائیں ہیں، کیونکہ ہم انہیں معمول کے مطابق فراہم نہیں کرتے ہیں۔ آپ کے دسچارج کے متعلق وارڈ اسٹاف معلومات فراہم کریں گے۔
گھر پہنچنے کے لیے آپ کو خود اپنا ٹرانسپورٹ کا انتظام کرنا ہوگا۔

کیا کوئی ایسی چیز ہے جسے میرا بچہ کاروائی کے بعد نہیں کرسکتا ہے؟
کچھ پابندیاں ہوسکتی ہیں۔ آپ کی نرس آپ سے اس کی وضاحت کریگی۔
اگر ہمارے گھر جانے کے بعد کوئی پریشانی ہوتی ہے تو کیا کرنا ہے؟
آپ کے بچے کو گھر صرف اسی وقت بھیجا جائیگا جب ٹیم کو محسوس ہو کہ اس کے لیے چھوڑنا محفوظ ہے۔
بہرحال اگر گھر واپس آنے کے بعد آپ کے بچے کو کوئی پریشانی ہوتی ہے، تو براہ کرم وارڈ، اپنے جی پی سے رابطہ کریں یا اپنے بچے کو قریب ترین ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں لے جائیں۔

گھر جانا

عام معلومات

ریفریشمنٹ اور دوکانیں
خارجی مریضوں کے لیے پارک سائڈ ریسٹوران قریب ہے اور ہفتہ کے ساتوں دن کھلتا ہے۔
ناشتہ 8 بجے صبح تا 11:00 بجے صبح
دوپہر کا کھانہ 12 بجے دوپہر تا 2:30 دوپہر
چائے 3:30 سہ پہر تا 7 بجے شام
ہاسپٹل کے اصل داخلے کے دروازے میں کافی کارٹ ہے جو گرم اور ٹھنڈے مشروبات اور اسنیکس پیش کرتا ہے۔
فرینڈز آف چلڈرینز ہاسپٹل شاپ ایکسرے کے قریب لاؤنج کوریڈور میں واقع ہے۔ نیوزایجنٹس 7 بجے صبح تا 5 بجے شام تک، سوموار تا جمعہ کھلا ہوتا ہے، اور اخبارات، میگزین، کولڈ ڈرنکس، مٹھائیاں، کرپسپ اور اسنیکس فروخت کرتا ہے۔
مشروبات، اسنیکس، گرم اور تھنڈے کھانے پیش کرنے والے متعدد ویندنگ مشین کو پورے ہسپتال میں دیکھا جاسکتا ہے۔
ہم والدین اور تیمارداروں کے لیے وارڈز پر میل ڈیلیوری سروس بھی چلاتے ہیں۔ دوپہر کے کھانے کے آرڈر 8:30 بجے صبح اور 11 بجے صبح تک لیے جاتے ہیں اور 12:45 دوپہر کے بعد ڈیلیور کیے جاتے ہیں، رات کے کھانے کے آرڈر 3:45 بجے سہ پہر تک لیے جاتے ہیں اور 4:30 شام کے بعد ڈیلیور کیے جاتے ہیں۔ وارڈ اسٹاف کے ممبر سے مینیو کی کاپی مانگیں۔ اندرونی فون سے 17418 پر کال کرکے یا support.services@sch.nhs.uk پر ای میل کرکے آرڈر دیا جاسکتا ہے۔

ٹیلیفون اور موبائل
ہسپتال کے اردگر بہت سارے پے فون ہیں۔ انٹیسو کیئر، نیونیٹل سرجیکل کیئر اور تھیئٹرز کے علاوہ تمام مقامات میں موبائل فون کی اجازت ہے۔ براہ کرم اجازت کے بغیر تصویر نہ کھینچیں اور یقینی بنائیں کہ آپ کا موبائل فون سائلنٹ موڈ پر ہے۔

کیش میشن اور کیش بیک
قریب ترین کیش مشین کو ویسٹرن بینک پر یونیورسٹی آف شیفیلڈ اسٹوڈینٹس یونیں میں یا کلارکسن اسٹریٹ کے نچلے حصے میں کو-آپ میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔
پارک سائڈ ریسٹوران کم سے کم 5£ خرچ کے ساتھ ڈیبٹ کارڈ کے لیے کیش بیک فراہم کرسکتا ہے۔

وارڈز پر سکیورٹی
ہمیشہ تمام وارڈ کے مقامات محفوظ ہیں۔ والدین اور ملاقاتیوں سے مطلوب ہے کہ وہ درست کال کا بٹن دبائیں اور اسٹاف کے جواب کا انتظار کریں اور انہیں وارڈ میں آنے دیں۔ دوسروں کو داخل نہ ہونے دیں۔

مذہبی ضروریات
ان تمام لوگوں کے لیے ایک کیپلینسی سنٹر دستیاب ہے جو کچھ وقت عبادت یا پرسکون مراقبہ میں گزارنا چاہتے ہیں۔ ہسپتال میں تمام القاب کے چیپلنس ہیں جن کی تمام عقائد کے سربراہ رسائی کرسکتے ہیں۔ چیپل اور عبادت کے کمرے دن کے 24 گھنٹے کھلے رہتے ہیں اور سسٹک فیبروسس یونٹ کے پاس اصل داخلہ والے بلاک میں ڈی فلور پر تلاش کیا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے 7338 271 0114 پر کال کریں یا نرسنگ اسٹاف کے کسی ممبر سے بات کریں۔

انفیکشن کنٹرول

براہ کرم درج ذیل کے ذریعہ انفیکشن پھیلنے سے روکنے میں مدد کریں:
• اپنے ہاتھوں کو دھونا
• ڈپارٹمنٹ میں داخل ہونے اور باہر جاتے وقت ہینڈ جیل کا استعمال کرنا
• اپوائنٹمنٹس میں بھائیوں و بہنوں یا دیگر بچوں کو نہ لانے کی کوشش کرنا
• اگر آپ کے بچے کو انفیکشن ہے، تو نکلنے سے پہلے 0114 271 7343 پر کال کریں۔

شگرینٹ نوشی نہ کرنا
ہماری تمام جگہیں اور ان کے گراؤنڈ شگریٹ نوشی نہ کرنے والے مقامات ہیں۔ اس میں ای-سگریٹ بھی شامل ہے۔

تشاویش اور شکایات
اگر آپ کو تشاویش ہیں، تو براہ کرم اسٹاف کے ممبر سے بات کریں۔ متبادل طور پر پیشنٹ اینڈ لائزن سروس سے 0114 271 7594 پر رابطہ کریں۔
اگر آپ ہماری نگہداشت سے خوش نہیں ہیں، تو آپ شکایت کے کتابچہ کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ اس میں لکھا ہوا کہ کس سے بات کرنا اور کس طرح آپ کے شکایات کا جواب دیا جائیگا۔ یہ معلومات www.sheffieldchildrens.nhs.uk پر بھی دستیاب ہے

اگر آپ کو تشاویش ہیں، تو براہ کرم اسٹاف کے ممبر سے بات کریں۔ متبادل طور پر پشنٹ اینڈ لائزن سروس سے 0114 271 7594 پر رابطہ کریں۔

دی چلڈرینز ہاسپٹل چیریٹی
ہمارے منصوبوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اور اسے بہتر بنانے میں آپ ہماری کس طرح مدد کرسکتے ہیں، www.tchc.org.uk ملاحظہ فرمائیں
ہم کبھی بھی اپنے بچوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے بہتر بنانے کی خواہش کو نہیں روکیں گے لہذا آپ کی مدد کی ضرورت ہمیشہ مطلوب ہے۔
عطیہ دیں، جڑیں اور اسے بہتر بنائیں!www.tchc.org.uk

ہسپتال سے رابطہ کرنے کا طریقہ - کارآمد ٹیلیفون نمبر
ہسپتال کا اصل سوئچ بورڈ 0114 271 7000،
متبادل طور پر پیشنٹ اینڈ لائزن سروس (پی اے ایل ایس)* سے 0114 271 7594 پر رابطہ کریں۔
تھیئٹر ایڈمیشنز یونٹ (ٹی اے یو) 0114 271 7343 / 7393
وارڈ ایم1 0114 271 7525 / 7524
وارڈ ایم2 0114 271 7298 / 7332
وارڈ ایم3 0114 271 7309 / 7322
وارڈ ایس1 0114 271 7345 / 7398
وارڈ ایس2 (نیورسائنسز) 0114 271 7784 / 7758
وارڈ ایس3 0114 271 7392 / 7394
برنز یونٹ 0114 226 0694
کلینیکل ریسرچ یونٹ 0114 226 7846
ہائی ڈپنڈنسی یونٹ (ایچ ڈی یو) 0114 271 7437
انٹنسیو کیئر یونٹ (آئی سی یو) 0114 271 7362 / 7205
نیونیٹل سرجیکل یونٹ (اینس ایس یو) 0114 271 7324
دی چلڈرینز ہاسپٹل چیریٹی 0114 271 7203

/www.sheffieldchildrens.nhs.uk/patients-and-parents/wards

*پی اے ایل ایس آپ کی مدد کرسکتا ہے جو آپ کو صلاح درکار ہو، آپ کو تشاویش ہوں یا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ کہاں جانا ہے
والدین سے توقع کی جاتی ہے کہ اپوائنٹمنٹس پر آنے اور جانے کے لیے خود اپنے ٹرانسپورٹ کا انتظام کریں۔